127073 - بہو کی بہن سے شادی کرنا

سوال

کیا بہو کی بہن سے شادی کرنا صحیح ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

جب بیٹے کا کسی عورت سے صرف نکاح ہی ہو جائے تو مرد کے لیے بہو سے شادی کرنا حرام ہو جاتا ہے؛ کیونکہ اللہ سبحانہ و تعالی کا فرمان ہے:

﴿ اور تمہارے صلبی بیٹوں کی بیویاں ﴾النساء (23).

باپ کے لیے بیٹے کی ساس یا بیٹے کی سالی یا بہو کی بیٹی (جو اس کے بیٹے کے علاوہ کسی اور خاوند سے ہو) سے شادی کرنا جائز ہے؛ کیونکہ اللہ سبحانہ و تعالی کا حرام کردہ عورتوں کے ذکر کرنے کے بعد فرمان ہے:

﴿ اور ان عورتوں کے علاوہ باقی عورتیں تمہارے لیے حلال کی گئی ہیں کہ تم اپنے مال کے مہر سے تم ان سے نکاح کرنا چاہو برے کام سے بچنے کے لیے نہ کہ شہوت رانی کرنے کے لیے ﴾النساء (24).

چنانچہ باپ کے لیے بیٹے کی بیوی کی بہن یعنی بیٹے کی سالی سے شادی کرنے میں کوئی شرعی مانع نہیں ہے.

واللہ اعلم .